اسیکس کاؤنٹی کونسل

# دو، تین اور چار سال کے بچوں کے لیے ابتدائی تعلیم کی اہلیت کے لیے مالی اعانت

## والدین کے لیے رہنماء نامہ

Essex County Council

نظر ثانی شدہ اپریل 2022

# مندرجات


1. تعارف 3

2. بچے کی درست دیکھ بھال کا انتخاب کرنا 3

3. اہلیت 4

4. ایف ای ای مقامات کی مالی اعانت 6

5. غور کرنے والے نکات 7

6. فیس اور اخراجات کا ٹیبل 10

## 1. تعارف

بچوں کی اچھی معیاری دیکھ بھال کو تلاش کرنا والدین کے لیے مشکل ہوسکتا ہے-جب آپ بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس جاتے ہیں تو ڈھونڈنے اور پوچھنے کو یاد رکھنے کے لیے بہت سی چیزیں ہوتی ہیں-
یہ رہنمائی آپ کو غور طلب نکات فراہم کرتی ہے تاکہ آپ سمجھ جائیں کہ آپ اپنے بچے کے لیے مالی اعانت کی ابتدائی تعلیم کی اہلیت تک کیسے رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور نرسری، پری اسکول یا چائلڈ مائنڈر کے ساتھ سائن اپ یعنی شروعات کرنے سے پہلے آپ کو کیا جاننا چاہیے-ہم اس گائیڈ کے بقیہ حصے میں نرسری، پری اسکول یا چائلڈ مائنڈر کے لیے لفظ 'بچےکی دیکھ بھال فراہم کرنے والا' استعمال کریں گے-

مالی اعانت کی ابتدائی تعلیم کی اہلیت(ایف ای ای ای) کیا ہے؟

- یہ برطانوی حکومت کی جانب سے تمام اہل بچوں کے لیے فراہم کی جانے والی مالی اعانت ہے کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ بچے نرسری کی اچھی تعلیم حاصل کریں تاکہ ان کی زندگی کی شروعات بہترین ہو-
- دو سال کی عمر کے چند بچوں کو مالی اعانت کے گھنٹے مل سکتے ہیں اگر ان کے والدین خاص فوائد پر ہوں-ان بچوں کو پورے سال میں مالی اعانت کی اہلیت کے 570 گھنٹے ملیں گے ، ان کے پاس عموماً 38 ہفتوں کے لیے فی ہفتہ 15 گھنٹے ہوتے ہیں-38 ہفتوں کو 3 تعلیمی مدتوں میں تقسیم کیا جاتا ہےجو اسکول کی مدت جیسی ہوتی ہیں-
- تین اور چار سال کی عمرکے تمام بچے اسکول کی مدت سےمالی اعانت کی اہلیت کے گھنٹے حاصل کرسکتے ہیں جب وہ اسکول جانے تک تین سال کے ہوجائیں ،اسے عالمگیر مالی اعانت کی اہلیت کہا جاتا ہے- بچوں کو پورے سال میں مالی اعانت کی اہلیت کے 570 گھنٹے ملیں گے ، ان کے پاس عموماً 38 ہفتوں کے لیے فی ہفتہ 15 گھنٹے ہوتے ہیں-38 ہفتوں کو 3 تعلیمی مدتوں میں تقسیم کیا جاتا ہےجو اسکول کی تعلیمی مدت جیسی ہوتی ہیں-
- کام کرنے والے بہت سارے والدین توسیع شدہ مالی اعانت کی اہلیت (ای ایف ای) حاصل کرسکتے ہیں، جو کہ مزید 15 گھنٹے ہے، اسے اکثر "30 گھنٹوں کی پیشکش" کہا جاتا ہے-یہ اس وجہ سے کہ بچوں کے پاس 38 ہفتوں کے لیے فی ہفتہ 30 گھنٹے تک ہوتے ہیں جو کہ مجموعی طور پر 1140 گھنٹے کی پورے سال میں مالی اعانت کی اہلیت ہوتی ہے-
- یہ 38 ہفتے (یا 570 گھنٹے) اپریل کی ابتداء میں شروع ہوتے ہیں اور اگلے سال مارچ کے آخر میں ختم ہوتے ہیں- موسم گرما کے ساتھ اپریل میں تعلمی مدتیں شروع ہوتی ہیں،پھر موسم خزاں کے لیے ستمبر میں اور موسم بہار کی مدت میں ختم ہوتی ہیں (جنوری سے مارچ)-

## 2. بچے کی دیکھ بھال کا درست انتخاب اپنے اور اپنے بچے کے لیے

بچے کی دیکھ بھال کی مختلف اقسام کے بارے میں مزید معلومات ڈھونڈنے کے لیے ، برائے مہربانی مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریںFamily and Childcare trust five-steps-choosing-childcareجس میں بچے کی دیکھ بھال کی تلاش پر غور کرنے کے لیے کارآمد سوالات کی ایک فہرست شامل ہےیا برائے مہربانی ملاحظہ کریں: Find a childcare provider: Types of childcare - Essex County Council.
آپ بچے کی دیکھ بھال کے حوالے سے تمام حکومتی مدد کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں اور یہ کہ Childcare Choices کی ویب سائٹ پر کس طرح درخواست دیں-مرکزی ای سی سی ویب سائٹ Family Information Service - Essex County Council پرخاندانی معلومات کی خدمات(ایف آئی ایس) کے ویب پیج پربھی والدین کے لیے معلومات موجودہیں-
تمام ابتدائی سالوں کی تعلیم فراہم کرنے والوں کا فرض ہے کہ وہ خاص تعلیمی ضروریات اور معذوریوں (ایس ای این ڈی)کے حوالے سے بچوں کی مدد کریں اور وہ آپ کو اس بارے میں معلومات فراہم کرنے کے قابل ہوں گے کہ وہ یہ کس طرح کریں گے-اگر آپ کو ایس ای این ڈی کے ساتھ اپنے بچے کے لیے صحیح ادارہ تلاش کرنے کے لیے اضافی مدد کی ضرورت ہے تو آپ early.years@essex.gov.uk پر ای میل کرسکتے ہیں اور بچوں کی دیکھ بھال کی تلاش میں کوئی نا کوئی آپ کی مدد کرے گا-

بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے تمام ادارے ایف ای ای کا دعویٰ کرسکتے ہیں اگر :

- وہ اوفسٹیڈ کے ساتھ ابتدائی سالوں کی تعلیم فراہم کرنے والے کے طور پر رجسٹرشدہ ہیں، یا ایک اسکول کی نرسری ہیں اس صورت میں وہ اسکول کے حصے کے طور پر رجسٹرشدہ ہوں گے۔
- ان کے پاس اوفسٹیڈ کا ایک اچھا ، عمدہ یا اس میں بہتری کی ضرورت کا فیصلہ ہو تاکہ تین اور چار سال کی عمر کے بچوں کو مالی اعانت کی اہلیت کی پیشکش کریں۔
- ان کے پاس اوفسٹیڈ کا اچھا یا عمدہ فیصلہ ہو، تاکہ دو سال کی عمر کے بچوں کے لیے مالی اعانت کی اہلیت کی پیشکش کریں۔
- ان کے پاس اسیکس کاؤنٹی کونسل کے ساتھ ایف ای ای کا معاہدہ ہو۔

اگر کوئی چائلڈ مائنڈر کسی چائلڈ مائنڈر ایجنسی کا حصہ ہو، تو تب بھی وہ ایف ای ای کا دعویٰ کرسکتے ہیں اگر ایجنسی یا چائلڈ مائنڈر کااسیکس کے ساتھ مالی اعانت کا معاہدہ ہو۔

نئے رجسٹر شدہ بچےکی دیکھ بھال فراہم کرنے والے اپنے پہلے اوفسٹیڈ معائنے سے پہلے ایف ای ای کی پیشکش کرسکتے ہیں۔لیکن،اگر وہ اپنے پہلے اوفسٹیڈ معاہدے پر اچھا یا عمدہ فیصلہ حاصل نہیں کرتے ، تو وہ دو سال کی عمر کے بچوں کے لیے ایف ای ای کی پیشکش نہیں کرسکیں گے۔

اسیکس کاؤنٹی کو چاہیے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے تمام ادارے جو ایف ای ای کے گھنٹوں کا دعویٰ کرتے ہیں:

- ابتدائی سالوں کی تعلیم کے بنیاد ی مرحلے کا مکمل نصاب (ای وائی ایف ایس) فراہم کریں۔
- ایف ای ای حاصل کرنے والے بچوں کا ریکارڈ رکھیں اور مقامی انتظامیہ اور اوفسٹیڈ کے لیے معلومات دستیاب رکھیں، اگر وہ اسے دیکھنا چاہیں۔

# 3. اہلیت

**دو سال کی عمر کے بچے کے لیے ابتدائی تعلیمی اہلیت کی مالی اعانت**

پورے اسیکس میں ہزاروں والدین اپنے دو سال کے بچوں کے لیے پہلے ہی بچے کی دیکھ بھال استعمال کررہے ہیں۔نہ صرف اس سے آپ کو اپنے لیے وقت ملتا ہے ،بلکہ آپ کا بچہ دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنا، سیکھنا اور تفریح بھی کرسکتا ہے۔

اگر آپ مخصوص فوائد کا دعویٰ کرتے ہیں یا اضافی معیار پر پورا اترتے ہیں تو آپ اپنے دو سال کی عمر کے بچے کے لیے ایف ای ای حاصل کرسکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریں https://www.gov.uk/help-with-childcare-costs/free-childcare-2-year-olds

اسیکس کاؤنٹی کونسل محکمہ تعلیم کی اہلیت کی جانچ پڑتال کی سروس (ای سی ایس)کاا ستعمال کرتی ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ بچے اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں جس کا دارومدار ان کے والدین کو ملنے والے فوائد پر ہے(بشمول عالمگیر فائدہ یعنی یونیورسل کریڈٹ)

دوسال کی عمر کے اہل بچے جب وہ دو سال کے ہوجائیں تو وہ اسکول کی مدت کی ایف ای ای تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں، ذیل میں ملاحظہ کریں:

| **اگر ان کی سالگرہ مابین ہے** | **وہ ایف ای ای حاصل کرتے ہیں** |
|---|---|
| 1اپریل-31اگست | 1ستمبر ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |
| 1ستمبر-31دسمبر | 1جنوری ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |
| 1جنوری-31مارچ | 1اپریل ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |

اگرآپ اہل ہیں اور اس بارے میں کسی کے ذریعے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے ضلع کے لیے اسیکس چائیلڈ اینڈ فیملی وَیل بیئنگ سروس کے خاندانی مرکز سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اپنے مقامی خاندانی مرکز کی تفصیلات کے لیے مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریںEssex Family Wellbeing

2سال کی عمرکے بچے کی مالی اعانت کے لیے رجسٹر ہونے کے لیے ، آپ کو آن لائن درخواست دینے کی ضرورت ہے اور آپ کو ضرورت ہوگی:

- آپ کا قومی انشورنس نمبر
- اسیکس تعلیمی پورٹل-لاگ آن پر جانے کے لیے اور اپنے ای میل ایڈریس اور پاس ورڈ کے استعمال سے لاگ ان کریں-اگر آپ پورٹل پر پہلی بار رسائی حاصل کررہے ہیں ، تو برائے مہربانی رجسٹر پر کلک کریں اور فراہم کردہ رہنمائی کی تعمیل کریں-

اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ کی سہولت موجود نہیں یا آپ کو آن لائن فارم مکمل کرنے کے لیے مدد چاہیے تو آپ مندرجہ ذیل سے مدد حاصل کرسکتے ہیں:

- خاندانی مرکز-تفصیلات کے لیے اوپر دیکھیں کہ کس طرح ان سے رابطہ کیا جائے
- ای میل کریں Early.Years@essex.gov.uk
- اپنے بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے،صحت کا معائنہ کرنے والے یا سماجی کارکن سے بات کریں

جب آپ آن لائن فارم پُر کرچکیں ،اور اہلیت کی جانچ میں کامیاب ہوجائیں تو آپ کو ایک حوالہ نمبر ملے گا جسے آپ اپنے بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس لے کر جاسکتے ہیں تاکہ آپ اپنے مالی اعانت کے 15 گھنٹے حاصل کرسکیں-اگر اضافی معیارات کی بنا پر اہل ہوں تو آپ کو فراہم کنندہ کو اپنے بچے کا پیدائشی سرٹیفیکیٹ، اپنا قومی انشورنس نمبر اور دیگر شواہد دکھانے کی ضرورت پڑے گی-

**تین اور چار سال کی عمر کے بچوں کے لیے ایف ای ای ای -عالمگیر 15 گھنٹے فی ہفتہ**

تین اور چار سال کی عمر کے تمام بچے اپنی تیسری سالگرہ کے بعد کی مدت سے 15 مالی اعانت کے عالمگیر گھنٹے فی ہفتہ (وقتِ مدت) کی مالی اعانت حاصل کرنے کے اہل ہیں، ذیل میں ملاحظہ کریں:

| **اگر ان کی سالگرہ مابین ہے** | **وہ ایف ای ای ای حاصل کرتے ہیں** |
|---|---|
| 1اپریل-31اگست | 1ستمبر ان کی تیسری سالگرہ کے بعد |
| 1ستمبر-31دسمبر | 1جنوری ان کی تیسری سالگرہ کے بعد |
| 1جنوری-31مارچ | 1اپریل ان کی تیسری سالگرہ کے بعد |

یہ تاریخیں محکمہ تعلیم کےذریعے طےکی گئی ہیں اور انہیں تبدیل نہیں کیا جاسکتا-

اگر آپ کا بچہ پہلے ہی بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس جارہا ہے، تو وہ ایف ای ای کا دعویٰ کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں لہٰذا ان کے ساتھ جانچ پڑتال کریں کہ آپ کا بچہ مالی اعانت سے حاصل کردہ اہلیت کے گھنٹوں تک کیسے رسائی حاصل کرسکتا ہے-

اگر آپ کا بچہ دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس نہیں جارہا ہے ،تو آپ کو ایسا ایک اورڈھونڈنا پڑے گا جو ایف ای ای اہلیت کی جگہوں کی پیشکش کرے اور اپنے پاس آپ کے بچے کو رجسٹر کرے-
اس لنک پر Find a Childcare Provider (essex.gov.uk) کلک کرنے سے آپ اسیکس میں بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو تلاش کرسکتے ہیں-
یا fis@essex.gov.uk پر ای میل کر کے خاندانی معلومات کی سروس سے رابطہ کرسکتے ہیں-
یا آپ خاندانی مرکز پر جاسکتے ہیں ،اس لنک Essex Child and Family Wellbeing Service پر کلک کر کے قریب ترین مقام یا متعین سماجی کارکن کو تلاش کرسکتے ہیں-

**تین اور چار سال کے بچے کے لیے ایف ای ای ای -توسیع شدہ مالی اعانت کی اہلیت(ای ایف ای)**

چند بچے ای ایف ای کے اہل ہوں گے-آپ آن لائن Childcare calculator - GOV.UK کے استعمال سے اپنی اہلیت کی جانچ پڑتال کرسکیں گے اور ایک آن لائن درخواست مکمل کرسکیں گے-اس سے پہلے کہ آپ توسیع شدہ اہلیت کے لیے سائن اپ کریں،آپ کو تمام اختیارات کو دیکھنے کی ضرورت ہے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اپنے لیے بہترین پیکیج کا انتخاب کریں-یہ ممکن ہے کہ ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کا بچوں کی دیکھ بھال کا عنصر متاثر ہوسکتا ہے کیونکہ آپ ممکنہ طور پر بچوں کی کم دیکھ بھال کی ادائیگی کررہے ہوں گے-

اگر آپ اہل ہیں تو آپ کو یہ یقینی بنانا ہے کہ مدت کے آغاز سے پہلے آپ ای ایف ای کے لیے درخواست دیں کہ آپ مالی اعانت شروع کرنا چاہتے ہیں۔**برائے مہربانی نوٹ کریں:**اگر آپ مدت کے آغاز کے بعد اپنے کوڈ کے لیے درخواست دیتے ہیں کہ آپ مالی اعانت شروع کرنا چاہتے ہیں ،تو آپ کا فراہم کنندہ ای ایف ای کا دعویٰ نہیں کرسکے گا۔آپ اس مدت میں صرف عالمگیر 15 گھنٹوں کی اہلیت حاصل کرسکیں گے۔

جب آپ اپنی درخواست ختم کر چکے ہوں اور اپنا کھاتہ بناچکے ہوں تو آپ کو اہلیت کا ایک کوڈ ملے گا تاکہ آپ اپنے بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس جاسکیں جو ابتدائی سالوں کے پورٹل پر کوڈ کی جانچ پڑتال کرے گا۔اگر کوڈ تمام چیکس یعنی ملاحظات کو محفوظ قرار دیتا ہے تو آپ اپنے توسیعی گھنٹے بُک کرسکتے ہیں۔آپ کو اپنے بچے کا پیدائشی سرٹیفیکیٹ دکھانے کی بھی ضرورت پڑے گی۔

**ارلی ایئرزپیوپل پریمیئم(ای وائی پی پی)**

مالی اعانت کی اہلیت حاصل کرنے والے تین اور چار سال کے بچے ای وائی پی پی کے اہل ہوسکتے ہیں۔ای وائی پی پی بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو اضافی مالی اعانت دیتا ہے ، جسے وہ ذرائع فراہم کرنے میں استعمال کرسکتے ہیں جس سے آپ کے بچے کو مدد ملے گی۔

تاکہ وہ اس اضافی مالی اعانت کا مطالبہ کرسکیں، آپ کے بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا آپ کووالدین /دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدےکے فارم پر سیکشن کو پُر کرنے کا کہے گا۔

آپ کے بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا اس بارے میں آپ سے بات کرے گا کہ آپ کے بچے کو سیکھنے میں ان کی مدد کی کیا ضرورت پڑسکتی ہے۔اس کے بعد وہ اضافی مالی اعانت استعمال کرسکتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ جس تعاون کی انہیں ضرورت ہے وہ انہیں ملتا ہے۔

# 4. ایف ای ای مقامات کی فنڈنگ

مالی اعانت کا دعویٰ کرنے کے لیے بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والاآپ کے بچے کی تفصیلات ہر مدت کےمقررہ اوقات میں ایک آن لائن فارم پر ڈال دیتا ہے،اسے ہیڈ کاؤنٹ کہا جاتا ہے۔اپنی دیکھ بھال میں ہر بچے کے لیے دعویٰ کرنے والے گھنٹوں کا اضافہ کرتے ہیں،اور یہ معلومات کونسل استعمال کرتی ہے تاکہ مالی اعانت کی رقم پر کام کیا جائے جو بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو تعلیمی مدت کے لیے ادا کی جائے گی۔

ایک مالی سال میں 38 ہفتوں کے لیے 570 گھنٹے ایف ای ای کا دعویٰ کیا جاسکتا ہے۔کچھ فراہم کنندگان مالی اعانت کو سال کے 38 ہفتوں سے زائد استعمال کی اجازت دیتے ہیں، اگر آپ کو پورا سال بچے کی دیکھ بھال کی ضرورت ہو تو یہ مفید ثابت ہوسکتی ہے۔اگر بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا آپ کی مالی اعانت کی اہلیت کو 38 ہفتوں سے زائد مدت تک بڑھاتا ہے تو ،وہ دعویٰ کریں گے کہ ہر تعلیمی مدت میں گھنٹوں کی پوری تعداد کی اجازت دی گئی ہو۔اگر آپ 50 ہفتوں میں اپنی پوری اہلیت حاصل کررہے ہیں تو آپ کا فراہم کنندہ آپ کے والدین/دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے والے فارم پر نوٹ کرے گا کہ وہ ہر مدت میں قابل اجازت ہفتوں کی تعداد کے لیے ہفتے میں 15 گھنٹوں کا دعویٰ کررہے ہیں،اس طرح پورے سال میں 570 گھنٹوں تک کا اضافہ ہوجاتا ہے۔

ایف ای ای کی مالی اعانت ادا کردی جاتی ہے اگر:

- آپ کا بچہ ہیڈ کاؤنٹ فارم پر ہے اور ہیڈ کاؤنٹ والے دن بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے پر رجسٹر شدہ ہے۔
- یا اگر آپ کا بچہ ہیڈ کاؤنٹ میں شامل ہے لیکن اس ہفتے بیمار یا کہیں دور ہے لیکن وہ بہتر ہونے پر بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس واپس چلا جائے گا۔

اگر آپ کا بچہ ہیڈ کاؤنٹ کی تاریخ کے بعد شروع کرتا ہے ،وہ اپنے لیے تاخیر سے دعویٰ کرسکتا ہے اگر مدت کے دوران اس کو کسی دوسرے اسیکس بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے پر مالی اعانت کی اہلیت نہیں ملی ہے۔

بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے تمام اداروں کو 2 سال کی عمر کے بچےکی مالی اعانت کے لیےایک مقررہ گھنٹے کی قیمت اور 3 اور 4 سال کی عمر کے بچے کی مالی اعانت کے لیے ایک مقررہ گھنٹے کی قیمت مقرر کی جاتی ہے۔قیمتوں کو شائع نہیں کیا جاتا کیونکہ والدین کے لیے کوئی مالیاتی قیمت نہیں ہے کیونکہ ترسیل کے وقت مالی اعانت کے گھنٹوں کو مفت ہونا چاہیے۔

فراہم کنندگان کو ایسے بچوں کے لیے فی گھنٹہ اضافی 10،20 یا 30 پینس مل سکتے ہیں جو ایسے علاقے میں رہتے ہوں جہاں کم لاگت کی رہائش ہو۔

انہیں 3 اور 4 سال کی عمر کے اہل بچوں کے لیے ای وائی پی پی بھی مل سکتا ہے ، جو کہ فی گھنٹہ اضافی مالی اعانت ہے جو ہر گھنٹے کے عالمگیر ایف ای ای کے لیے ادا کی گئی۔

اگر آپ کے بچے کی اضافی ضروریات ہیں تو بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا مالی اعانت کی شمولیت کی درخواست دے سکتا ہے تاکہ آپ کے بچے کی اضافی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔فراہم کنندہ کو صحت یا تعلیم کے پیشہ ور فرد سےمدد حاصل کرنی چاہیے جیسے کہ صحت کا معائنہ کرنے والا یا شمولیتی ساتھی تاکہ اس بات کو ثابت کیا جاسکے کہ اضافی مالی اعانت کی ضرورت ہے۔اس کے بعد انہیں اسیکس کاؤنٹی کونسل میں شمولیتی امداد کے لیے درخواست دینی چاہیے۔

## 5. غور طلب نکات

مالی اعانت کی اہلیت کو مختلف طریقوں سے لیا جاسکتا ہے ،ایک دن میں استعمال ہونے والی مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد 10 گھنٹے ہے۔بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے یہ کرسکتے ہیں:

- ہر دن کی مدت مقرر کریں کہ وہ ایف ای ای کے گھنٹے کی پیشکش کرتے ہیں ، جیسے صبح 9 بجے سے رات 12 بجے تک
- ان کے پاس ایف ای ای کے زیادہ سے زیادہ گھنٹے ہوں جس کا دعویٰ کسی بھی ایک دن میں کیا جاسکتا ہے، جیسے 6 گھنٹے
- صرف ایف ای ای کی جگہ کی پیشکش کریں۔یہ جگہیں محدود ہوسکتی ہیں لہٰذا اگر دستیاب ہیں تو دیکھنے کے لیے جانچ پڑتال کریں

یہ بات سمجھنا اہم ہے کہ بچے کی دیکھ بھال کرنے والے مختلف فراہم کنندگان کے پاس مالی اعانت کی اہلیت کی مختلف پیشکشیں ہوں گی اس لیے آپ کو ایسی جگہ تلاش کرنے کی ضرورت ہے جو آپ کی ضروریات کے مطابق ہو۔اکثر بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے اسکول کی مدت کے اوقات کی طرح بیک وقت ایف ای ای کی پیشکش کریں گے ،لیکن انہیں اس کی ضرورت نہیں ہے،اور کچھ یہ پیشکش مزید ہفتوں میں کریں گے۔
ایف ای ای گھنٹے ،عالمگیر اور توسیع شدہ اہلیتیں دونوں،دوپہر کے کھانے کے وقت کا احاطہ کرسکتے ہیں جہاں دوپہر کے کھانے کا وقت بچوں کو نئی چیزیں سیکھنے اور نئے ہنر بڑھانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔
جب ایف ای ای کے گھنٹوں میں دوپہر کے کھانے کا وقت بھی شامل ہوتا ہے تو اس میں دوپہر کے کھانے یا ناشتے کا معاوضہ بھی ہوسکتا ہے،لیکن آپ کے بچے کے شروع کرنے سے پہلے کھانے کے کسی بھی معاوضےپر آپ کے ساتھ اتفاق رائے ہونا ضروری ہے۔
بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا صرف ان گھنٹوں اور خدمات کا معاوضہ لے سکتا ہے جو مالی اعانت کی اہلیت کا حصہ نہیں ہیں۔یہ دیکھنے کے لیے جانچ پڑتال کریں کہ آیا آپ کو مالی اعانت کے گھنٹوں تک رسائی کے لیے اضافی گھنٹے لینے کی ضرورت ہے۔والدین/دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے پر آپ کی جانب سے ادا کرنے والے ہر ضروری اخراجات کو واضح کرنا چاہیے اور آپ کے بچے کی ادارے میں شروعات ہونے سے پہلے آپ کو ان سے اتفاق کرنا چاہیے اور معاہدے پر دستخط کرنے چاہییں۔بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے صرف مالی اعانت سے چلنے والی جگہ کے لیے کوئی شرائط منسلک نہیں کرنی چاہییں جس کا مطلب ہے کہ آپ کو اضافی گھنٹے خریدنے چاہییں،دوپہر کے کھانے کامعاوضہ ادا کرنا چاہیے،رجسٹریشن فیس ادا کرنی چاہیےیا یونیفارم کی وصولی کے لیے معاوضہ ادا کرنا چاہیے۔

آپ اپنی پسند کے بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے 38 ہفتوں سے کم مدت تک بھی مالی اعانت لے سکتے ہیں؛ انہیں کم سے کم 33 ہفتوں کی پیشکش کرنی چاہیے۔

اگر بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو چند ہفتوں کے لیے مالی اعانت مل رہی ہے تو وہ آپ سے اضافی گھنٹوں کا معاوضہ نہیں لے سکتے اگر آپ کا بچہ فی ہفتہ 15 گھنٹے یا اس سے کم وقت لے رہا ہے۔

اگر آپ کسی بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو منتخب کرنا چاہتے ہیں جو 38 ہفتوں سے کم وقت کے لیے کھلا ہو، تو آپ باقی ہفتوں کو کہیں اور استعمال نہیں کرسکتے۔اگر آپ کوتمام 38 ہفتوں کی ضرورت ہے تو ، بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے ایسے ادارےکو منتخب کرنا بہتر ہے جو اس کی پیشکش کرسکے۔
بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے چند فراہم کنندگان کے پاس ' بڑھی ہوئی پیشکش' ہوتی ہے ، جس میں چھٹیوں کی مدت کو پورا کرنے کے لیے مالی اعانت کو بڑھا دیا جاتا ہے۔لیکن آپ کو یہ سمجھنا چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ گھنٹوں کے

لیے جس کا دعویٰ آپ کررہے ہیں وہ تبدیل نہیں ہوتا ہے۔ایک سال میں کل 570 گھنٹوں کا دعویٰ کیا جاسکتا ہے۔اگر آپ کا فراہم کنندہ سال کے 50 ہفتوں میں مالی اعانت کی پیشکش کرتا ہے، توآپ کو زیادہ ہفتوں کے دوران کم گھنٹے ملیں گے لیکن جن گھنٹوں کی تعداد کے آپ مستحق ہیں وہ ایک جیسے ہی رہیں گے، سیکشن4دیکھیں-50 ہفتوں میں اہلیت کو بڑھانے کی مثال ملاحظہ کریں۔
بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کے ساتھ والدین/دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کا فارم مکمل کرے جو آپ کے بچے کو ملنے والی ہر مدت میں ایف ای ای ای کے گھنٹوں اور دنوں کو تحریر کرتا ہے یہ آپ کے بچے کی حاضری کے مقابلے میں زیادہ گھنٹوں میں نہیں ہونا چاہیے۔اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ پورے 15 یا 30 گھنٹے حاضر رہے تو آپ کو مکمل 15 یا 30 گھنٹوں کا دعویٰ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
اگر آپ ہیڈ کاؤنٹ دن کے بعد گھنٹوں میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو،بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا اضافی گھنٹوں کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مدت کے اختتام تک آپ سے اضافی گھنٹوں کی ادائیگی کرنےکو کہیں گے۔یہ **اہم ہے کہ فارم پر دستخط کرنے سے پہلے آپ تمام تفصیلات سے آگاہ ہوں اوروالدین/دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کے فارم پر موجود معلومات کو پڑھیں ۔اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کو کسی بھی اضافی اخراجات کے بارے میں معلوم ہے،کہ وہ کس چیز کے لیے ہیں، اور آپ کے بچے کے شروع کرنے سے پہلے آپ ان سے متفق ہیں۔**
اس بات کی جانچ پڑتال کریں کہ بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا ہر مدت میں مالی اعانت کے گھنٹوں کی ضمانت دے گا اور یہ کہ پیشکش بچے کی عمر پر منحصر ہوتی ہے جو بدلی نہیں جاتی ہےیا اگر توسیع شدہ گھنٹوں کی ضرورت ہو۔
اگر آپ اپنے بچے کو جزوی طور پر کسی دیگر فراہم کنندہ کی طرف منتقل کرتے ہیں تو،ہیڈکاؤنٹ واقع ہونے کے بعد ،آپ کا نیا فراہم کنندہ اسیکس کاؤنٹی کونسل سے ایف ای ای کے گھنٹوں کا دعویٰ نہیں کرسکے گا۔اس لیے ، آپ کو نئے فراہم کنندہ کے پاس بقیہ مدت کی فیس ادا کرنی پڑے گی۔
ان معاملات میں ،اسیکس کاؤنٹی کونسل اصل فراہم کنندہ سے نئے فراہم کنندہ کو اس مدت کے لیے غیر استعمال شدہ مالی اعانت کو منتقل کرنے کا کہہ سکتی ہے ،لیکن یہ ان کے معاہدے کا حصہ نہیں ہےاور ہم اس پر اصرار کرنے سے قاصر ہیں کہ وہ مالی اعانت کو منتقل کریں۔
نیز، آپ کے اصل فراہم کنندہ کے پاس نوٹس کی مدت ہوگی اور اگر آپ نےانہیں مطلوبہ نوٹس نہیں دیا تھا کہ آپ کا بچہ چھوڑ رہا تھاتو وہ فیس وصول کرسکتے ہیں،برائے مہربانی اپنا فیصلہ کرنے سے پہلے اس کی جانچ پڑتال کرلیں۔

جو بھی رسیدیں آپ کو ملتی ہیں ان میں یہ ظاہر ہونا چاہیے:

- آپ اپنے بچے کی پورے 15 یا 30 گھنٹے کی مالی اعانت کی جگہ مکمل طور پر مفت حاصل کرچکے ہیں،مالی اعانت کے 15 یا 30 گھنٹوں کے ساتھ کوئی مالیاتی قدر منسلک نہیں ہونی چاہیے۔
- اضافی گھنٹوں اور خدمات کے لیے آپ سے معاوضہ لیا جاسکتا ہے، مثلاً مالی اعانت گھنٹوں کے علاوہ،کھانا یا گھنٹے۔فراہم کنندہ کو چاہیے کہ وہ جگہ لینے سے پہلے آپ کو ان کے بارے میں بتائے کیونکہ آپ والدین/دیکھ بھال کرنے والے کےمعاہدے کے فارم پر دستخط کر نے سے ان سے متفق کہلائیں گے۔
- کسی بھی اضافی گھنٹوں اور/یا خدمات کے لیے معاوضے کو واضح طور پر ریکارڈ کیا جانا چاہیے۔

برائے مہربانی اس بات سے بھی آگاہ رہیں کہ:

- وہ قیمتیں جو دیکھ بھال فراہم کرنے والا ایف ای ای کے گھنٹوں کے علاوہ اضافی گھنٹوں کے لیے وصول کرتا ہے وہ آپ اور ان کے درمیان ایک نجی معاملہ ہے۔مقامی حکام فراہم کنندگان کے نجی کاروبار میں دخل اندازی نہیں کرسکتے۔
- اگر آپ کا بچہ صرف ایف ای ای کے گھنٹے استعمال کررہا ہے تو آپ کو کسی رسید کی ضرورت نہیں۔ لیکن فراہم کنندہ کو چاہیے کہ وہ آپ کو بتائے کہ انہوں نے مالی اعانت کے لیے درخواست دی ہے اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے والدین/دیکھ بھال کرنے کے معاہدے کا فارم مکمل کرلیا ہے۔

بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے تین اور چار سال کی عمر کے بچوں کے لیے ایف ای ای کی جگہ کو محفوظ رکھنے کے لیے جمع شدہ رقم وصول کرسکتے ہیں، لیکن دوسال کی عمر کے اہل بچوں کے لیے نہیں۔جمع شدہ رقم ایک ہفتے کے معاوضے تک ہونی چاہیے جو اس بات کا احاطہ کرتی ہے کہ آپ کتنے گھنٹے لینا چاہتے ہیں۔جب آپ کا بچہ شروع کرتا ہے یا اگلی نصف مدت کے وقفے سے کچھ دیر بعد ، تو بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے کو چاہیے کہ وہ لازمی طور پر آپ کو جمع شدہ رقم واپس کرے۔

فراہم کنندہ ہر مدت میں ایک دن کے لیے ایف ای ای کا دعویٰ کرسکتا ہے جب وہ کسی بچے کے بغیر کھلے ہوئے ہوں تاکہ وہ عملے کی تربیت انجام دے سکیں۔انہیں اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ اپنے والدین/دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے فی مدت ایک دن کی مالی اعانت کی اہلیت کھو بیٹھیں گے۔کسی بھی طے شدہ بندش کا آپ کو 6 ہفتوں کا نوٹس بھی دیا جانا چاہیے۔
اگر آپ کا بچہ کسی ایسے دن حاضر ہے جب بینک کی تعطیل ہو تو فراہم کنندہ کو چاہیے کہ وہ آپ کو والدین/دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے بتائے کہ اگر وہ بینک کی تعطیل والے دن بند ہوں۔مالی اعانت سے چلنے والے ہفتوں میں جب بینک تعطیلات ہوتی ہیں وہا ں آپ کے بچے کو پوری اہلیت نہیں ملے گی۔

اگر کوئی بچہ مختصر مدت کے لیے کہیں دور چلاجائے تو تب بھی بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو مالی اعانت ملے گی ، اگر آپ چھٹی لیتے ہیں یا آپ کا بچہ مدت کے دوران بیمار ہو۔

تین اور چار سال کی مالی اعانت دو یا زیادہ بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے ساتھ استعمال کی جاسکتی ہے اگر یہ آپ کی ضروریات کو پورا کرتی ہو۔لیکن آپ ایک دن میں صرف دو فراہم کنندگان کے پاس جاسکتے ہیں۔بچوں کی دیکھ بھال کے کچھ فراہم کنندگان کی ایک واحد فراہم کنندہ پالیسی ہوگی جہاں آپ کو اپنی تمام اہلیت ان کے پاس لے جانی چاہیے اور آپ مالی اعانت کی تقسیم کی اجازت نہیں دیں گے۔

اگر آپ مالی اعانت کو تقسیم کررہے ہیں،آپ کو اسے والدین/دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے معاہدے کے فارم پر ہر مدت کے آغاز پر ڈالنا ہوگا، بچے کی دیکھ بھال کے ہر فراہم کنندہ پر گھنٹوں کی تعداد ڈالتے ہوئے آپ لیں گے۔آپ دونوں فراہم کنندگان کے درمیان اپنی اہلیت سے زیادہ کا دعویٰ نہیں کرسکتے۔
بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا ہمیں تفصیلات دیتا ہے کہ آپ کا بچہ ان کے ساتھ کتنے گھنٹوں سے ہے اور ای سی سی کسی بھی زائد دعووں کو روکنے کے لیے جانچ پڑتال کرے گی۔اگر وہ زائد کا دعویٰ کرتے ہیں، تو آپ کو کسی بھی گھنٹوں کے لیے ادائیگی کرنی پڑے گی جو مالی اعانت اہلیت کے ذریعے احاطہ نہیں کرتے۔
اگر آپ کا بچہ دو سال پرانی ایف ای ای مل رہی ہے،تو وہ ایک ابتدائی سال فراہم کنندہ پر صرف 2 سال پرانی مالی اعانت استعمال کرسکتے ہیں۔
آپ اسکول میں بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے اور استقبالیہ جماعت کے درمیان مالی اعانت کو تقسیم نہیں کرسکتے۔یہ اس وجہ سے ہے کہ جب کوئی بچہ استقبالیہ جماعت میں جاتا ہے تو اس کی ابتدائی تعلیم کے لیے تمام مالی اعانت اسکول کے بجٹ میں ادا کردی جاتی ہے اور بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا اس کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوتا ہے۔
اگر آپ کے بچے نے استقبالیہ جماعت سے شروع کرنا ہے تو آپ موسم خزاں کی مدت کے آغاز پر دنوں یا ہفتوں کے لیے مالی اعانت کی اہلیت کے گھنٹے رکھنے کے قابل نہیں ہوں گے اس سے پہلے کہ وہ شروع ہوجائیں۔
اسکولوں کو یہ کہنے کی اجازت نہیں کہ اگر آپ کواسکول میں جگہ چاہیے تو آپ کو ان کی نرسری میں شریک ہونا پڑے گا۔اگر آپ کو یہ بتایا جاتا ہے، تو ہم آپ کے معترف ہوں گے کہ آپ ای سی سی کو بتائیں تاکہ ہم اقدام کرسکیں۔

اگر آپ کے بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو کسی مدت کے دوران بند ہونا پڑے اور آپ کو کوئی دوسرا تلاش کرنے کی ضرورت ہے، تو برائے مہربانی fis@essex.gov.uk پر ای میل کے ذریعے خاندانی معلومات کی سروس سے رابطہ کریں۔جب آپ کو ایک بار دوسرا فراہم کنندہ مل جائے ، تو وہ بقیہ مدت کے لیے آپ کے بچے کی مالی اعانت کی اہلیت کے لیے تاخیر سے دعویٰ کرنے کے قابل ہوں گے۔

اگر آپ مدت کے دوران کسی اور مقامی اتھارٹی سے اسیکس منتقل ہوجاتے ہیں، تو ہم بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو کسی ایسے بچے کے لیے دعویٰ کرنے کی اجازت دیں گے جسے اسیکس میں پہلے سے مالی اعانت کی اہلیت نہیں مل رہی۔ وہ اس مدت تک بقیہ رہ جانے والے ایف ای ای کےگھنٹوں کے لیے 'تاخیر سے دعویٰ' کرنے کے اہل ہوں گے۔

## 6. فیس اور اخراجات کا ٹیبل

| | صرف ایف ای ای 2 گھنٹوں تک رسائی حاصل کرنے والا بچہ | ایف ای ای 2 گھنٹوں تک رسائی حاصل کرنے والا اور اضافی گھنٹوں کے لیے ادائیگی کرنے والا بچہ | صرف ایف ای ای 3 اور 4 گھنٹوں تک رسائی حاصل کرنے والا بچہ | ایف ای ای 3 اور 4 گھنٹوں تک رسائی حاصل کرنے والا اور اضافی گھنٹوں کے لیے ادائیگی کرنے والا بچہ |
|---|---|---|---|---|

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **رجسٹریشن فیس** | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے | قیمت لگائی **جاسکتی** ہے |
| **انتظامی فیس** | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے | قیمت لگائی **جاسکتی** ہے |
| **جمع شدہ رقم-قابل واپسی** (اگر ایف ای ای تک رسائی سے پہلے جمع شدہ رقم لی جاتی ہے تو اسے پہلے نصف مدت کی مالی اعانت شروع ہونے سے پہلے والدین کو**لازماً** واپس کردیا جانا چاہیے) | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے (اسپکس کی ضرورت، مالیاتی معیار پر مبنی ایف ای ای2-جمع شدہ رقم والدین کی مالی اعانت تک رسائی میں رکاوٹ ہوسکتی ہے) | **لازماً**قیمت نہیں لگائی جانی چاہیے (صرف ایف ای ای 2 گھنٹوں کے طور پر) | قیمت لگائی **جاسکتی** ہے زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے تک کی قیمت ، ان گھنٹوں کی تعداد کا احاطہ کرنا جو والدین لینا چاہتے ہیں-اسےپہلی نصف مدت کے وقفے کے بعد والدین کو واپس کردیا جانا چاہیے- | قیمت لگائی **جاسکتی** ہے زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے تک کی قیمت ، ان گھنٹوں کی تعداد کا احاطہ کرنا جو والدین لینا چاہتے ہیں-اسےپہلی نصف مدت کے وقفے کے بعد والدین کو واپس کردیا جانا چاہیے- |
| **رضاکارانہ تعاون** | ہلکے پھلکے ناشتے وغیرہ کے لیے رضاکارانہ تعاون کے لیے پوچھا **جاسکتا** ہے- | ہلکے پھلکے ناشتے وغیرہ کے لیے رضاکارانہ تعاون کے لیے پوچھا **جاسکتا** ہے- | ہلکے پھلکے ناشتے وغیرہ کے لیے رضاکارانہ تعاون کے لیے پوچھا **جاسکتا** ہے- | ہلکے پھلکے ناشتے وغیرہ کے لیے رضاکارانہ تعاون کے لیے پوچھا **جاسکتا** ہے- |
| ***قابل استعمال قیمت** | **لازماً**لاگو نہیں ہونا چاہیے- | لاگو ہو**سکتی** ہے لیکن ایک متبادل اختیار یا حل **لازماً**پیش کیا جانا چاہیے- | لاگو ہو**سکتی** ہے لیکن ایک متبادل اختیار یا حل **لازماً**پیش کیا جانا چاہیے- | لاگو ہو**سکتی** ہے لیکن ایک متبادل اختیار یا حل **لازماً**پیش کیا جانا چاہیے- |

*قابل استعمال اشیاء میں سن کریم، نیپیز ، ہلکا پھلکا ناشتہ، کھانے ، دورے ، ماہر ٹیوشن، یونیفارم ، اور اضافی نصابی سرگرمیاں شامل ہوسکتی ہیں-فراہم کنندگان کو ای وائی ایف ایس کی فراہمی جیسے کاغذ، رنگ و روغن، فوٹو کاپی، صفائی اور سہولت فراہم کرنے کے لیے عام کاروبار چلانے کے اخراجات کو شامل نہیں کرنا چاہیے .